© rasailojaraid.com



## العارف

مدیر : سید ارشاد احمد عارف

ملنے کا پتا : العارف، جامعہ نظامیہ، اندرون لوہاری دروازہ۔ لاہور

صفحات ۵۶۔ کتابت، طباعت، کاغذ بہتر۔ قیمت فی پرچہ ۴ روپے

"العارف" لاہور سے شائع ہو رہا ہے اور پاکستان کے علمی رسائل میں سے ہے۔ اس کے ادارہ تحریر میں مفتی عبدالقیوم ہزاروی، سید ارشاد احمد عارف اور سید خورشید احمد گیلانی شامل ہیں۔

زیر نظر شمارہ ماہ شعبان ۱۴۰۱ھ کا ہے، اس میں ایک مضمون تو ڈاکٹر حمید اللہ کا ہے، جس کا عنوان ہے "اسلام میں بین المملکتی قوانین"۔ دوسرا سید خورشید احمد گیلانی کا "تاریخ۔ مطالعہ، تجزیہ" کے عنوان سے ہے۔ تیسرا "اسلام اور تعمیر اخلاق" ملک شیر محمد اعوان کا ہے۔ چوتھا "قرآن مجید" کے عنوان سے آل احمد رضوی کا ہے۔ پانچواں محمد صدیق ہزاروی کے قلم سے حافظ مظہر الدین مرحوم کے بارے میں ہے۔ ایک اور مضمون بعنوان "زبان و بیان" سید سلیمان اشرف مرحوم کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے۔

حصہ نظم میں ایک نظم جناب احسان دانش کی ہے، "حدیث افغانستان"۔ ایک نظم نظر زیدی صاحب کی ہے، "قرآن اور صاحب قرآن"۔

© rasailojaraid.com